ماہنامہ ''نور علیٰ نور'' (خطیب دین وملت نمبر)

مولانا عبد الرشید انصاری کی زیر ادارت کراچی سے شائع ہونے والے ماہنامہ ''نور علیٰ نور'' نے خطیب اہل سنت حضرت مولانا محمد ضیاء القاسمی رحمہ اللہ تعالیٰ کی حیات وخدمات اور دینی مساعی کے تذکرہ کے لیے ''خطیب دین وملت نمبر'' کے عنوان سے ڈیڑھ سو سے زائد صفحات پر مشتمل خصوصی نمبر کی اشاعت کا اہتمام کیا ہے جس میں مختلف اصحاب علم ودانش نے اپنے اپنے انداز میں حضرت مولانا ضیاء القاسمی کی ملی ودینی خدمات پر روشنی ڈالی ہے۔

اس خصوصی اشاعت کی قیمت ۵۰ روپے ہے اور اسے مسجد عائشہ صدیقہؓ، سیکٹر 11/B، نارتھ کراچی سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

چند اہم اور مفید رسائل

ہمارے محترم دوست اقبال احمد خان صاحب ایک عرصہ تک عجمان (متحدہ عرب امارات) میں مقیم رہے ہیں اور مختلف دینی موضوعات پر ممتاز ارباب علم کی نگارشات شائع کر کے تقسیم کرتے رہے ہیں جن میں شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم کا رسالہ ''درود شریف پڑھنے کا شرعی طریقہ''، حضرت ابو عبیدہ بن الجراحؓ کے حالات وخدمات پر جناب طالب ہاشمی کا رسالہ ''حضرت ابو عبیدہؓ'' اور مولانا محمد عبد المعبود کا رسالہ ''مسواک کی فضیلت'' بھی شامل ہیں۔ حاجی صاحب موصوف آج کل گوجرانوالہ میں مقیم ہیں اور ابو عبیدہ ٹرسٹ کے زیر اہتمام مختلف تعلیمی وتبلیغی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

مذکورہ رسائل دس روپے کے ڈاک ٹکٹ بھجوا کر پوسٹ بکس ۳۵۰ گوجرانوالہ کے پتے سے طلب کیے جا سکتے ہیں۔

مدیر الشریعہ مولانا زاہد الراشدی

رجب کے آغاز میں دو ماہ کے لیے برطانیہ جا رہے ہیں جہاں سے وہ رمضان المبارک سے ایک دو روز قبل گوجرانوالہ واپس آ جائیں گے۔ اس دوران دو اڑھائی ہفتوں کے لیے وہ امریکہ بھی جائیں گے جہاں وہ مختلف شہروں میں دینی اجتماعات سے خطاب کریں گے اور امریکہ میں مقیم مسلمانوں کی دینی وتعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ